پریس ریلیز

امیر الدین میڈیکل کالج کے سٹوڈنٹس غیر نصابی سرگرمیوں میں کسی سے پیچھے نہیں : وی سی، یو ایچ ایس

کھیل انسانی صحت کے علاوہ دنیا میں تبدیلی لانے کی اہلیت رکھتے ہیں : پرنسپل پی جی ایم آئی

علاج کی سہولیات فراہم کرنے والے معالجین کا تندرست و توانا ہونا اہم ہے :پروفیسر الفرید ظفر

میڈیکل کی تعلیم انتہائی محنت طلب چیلنج ، سپورٹس سٹوڈنٹس کو تازگی بخشنے کیلئے نمایاں کردار ادا کر تے ہیں: گفتگو

لاہور،نومبر 28: ...... پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے کہا ہے کہ کھیل صحت کے ساتھ ساتھ دنیا بھر میں تبدیلی لانے کی اہلیت رکھتے ہیں اور سپورٹس سوسائٹی کے مابین بھائی چارے کی فضاء قائم کرنے میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ لوگوں کی صحت کا خیال رکھنے اور انہیں علاج معالجے کی سہولیات فراہم کرنے والے معالجین کا خود کو تندرست و توانا رکھنا بھی انتہائی اہم ہے جبکہ میڈیکل کے طلباء و طالبات کی صلاحیتوں کو نکھارنے اور صحت مند رجحان کو فروغ دینے کیلئے مختلف نوعیت کی کھیلوں کے مقابلوں کے انعقاد کا سلسلہ جاری رہنا چاہئے۔

ان خیالات کا اظہار پروفیسر الفرید ظفر نے گورنمنٹ امیر الدین میڈیکل کالج (پی جی ایم آئی) کے سپورٹس گالا کے اختتام پر تقریب تقسیم انعامات کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔مہمان خصوصی وائس چانسلر یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم سمیت فیکلٹی ممبران، سپورٹس چیئر مین پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل، فائنل ائیر کی طالبہ سپورٹس پریزیڈنٹ قادیہ قیوم و دیگر طلباء و طالبات موجود تھے۔پروفیسر جاوید اکرم نے امیر الدین میڈیکل کالج کے سٹوڈنٹس کی اہلیت و ذہانت کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ امتحانات میں بھی نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کے ساتھ ساتھ کھیلوں کی سرگرمیوں میں بھی کسی سے پیچھے نہیں ہیں جو کہ انتہائی خوش آئند امر ہے۔

پروفیسر الفرید ظفر نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ جسمانی و ذہنی صحت کیلئے کھیلوں کی سرگرمیاں انتہائی ضروری ہیں اور سپورٹس مین سپرٹ کے ذریعے طلباء و طالبات کو تعلیم کے میدان میں آگے بڑھنے سے نمایاں درجہ میں کامیابی کا جذبہ پروان چڑھتا ہے۔پرنسپل کا کہنا تھا کہ میڈیکل کی تعلیم انتہائی محنت طلب چیلنج ہے جس کیلئے سٹوڈنٹس بہت زیادہ وقت مطالعہ کرنے میں گزارتے ہیں لہذا ان کے ذہن کو تازگی بخشنے کیلئے غیر نصابی سرگرمیاں بہت نمایاں کردار ادا کرتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ امر خوش آئند ہے کہ طلبا کے ساتھ طالبات بھی کھیلوں کی سرگرمیوں میں جوش و خروش سے حصہ لے رہی ہیں اور اس مرتبہ ایم سی کی طالبہ قادیہ قیوم کو سپورٹس پریزیڈنٹ کا اعزاز حاصل ہوا ہے جس نے 3 میڈلز، 7 شیلڈز اور 1 ٹرافی اپنے نام کی جو اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ طالبات تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیلوں کے میدان میں بھی لڑکوں سے آگے نکل رہی ہیں جس کا مقابلہ کرنے کیلئے طلبا کو سخت محنت کرنا ہوگی۔مہمان خصوصی نے پرنسپل کے ہمراہ پوزیشن ہولڈرز کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے۔سپورٹس ویک کے دوران مختلف کھیلوں کے مقابلے ہوئے جس میں امیر الدین میڈیکل کالج کے سٹوڈنٹس نے بھرپور حصہ لیا اور اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔سپورٹس چیئر مین پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل نے کھیلوں کے کامیاب انعقاد پر تمام آرگنائزرز اور سٹاف کا شکریہ ادا کیا۔

☆☆☆☆

امیر الدین میڈیکل کالج کے سالانہ سپورٹس گالہ پر سٹوڈنٹس کا مہمان خصوصی وی سی یونیورسٹی آف
ہیلتھ سائنسز پروفیسر جاوید اکرم اور پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر کے ہمراہ گروپ فوٹو